# اداریہ

دور حاضر اپنے نئے اصولِ توازن کی تلاش میں ہے۔ سیاست و معاشرت، معیشت و اخلاق، تہذیب و مذہب کے میدانوں میں سرگرداں انسانی عقل تاریخ کے کسی بھی دور سے بڑھ کر ایسا حل پیش نہیں کر سکی جو بنی نوع انسان کے لیے بالعموم اور اہل ایمان کے لیے بالخصوص اجتماعی اور فلاح و بہبود کا ضامن بن سکے۔ اس فکری اور عملی تنوع اور حالی کی فضا میں فکر و خیال کی ہم آہنگی وسعت اور رائے روی فقط اپنے عالمگیر پیغام کے ذریعے ممکن ہے جو قرآن و سنت کی راہنمائی ہی سے ممکن ہے۔ اہل علم و تحقیق مختلف ادوار میں اپنے اپنے انداز سے دستور اساسی کی روشنی میں فکر و عمل کی درستی اور ادائی اور اجتماعی مظاہر کو حق کے نور سے منور کرنے کے لیے مسلسل کوشاں ہیں۔

مملکت خداداد میں کثیر تعداد میں شائع ہونے والے علمی، ادبی اور فکری رسائل اس سلسلے میں اپنے حصے کا کردار ادا کرنے میں پورے اخلاص کے ساتھ مصروف ہیں۔ شعبۂ علوم اسلامیہ جامعہ پنجاب بھی اس مقدس فریضے میں اپنے تئیں کمالات سرانجام دینے میں مشغول ہے۔ تحقیقی مجلّہ ''القلم'' اس جادۂ فکر و عمل پر پچھلے سترہ سالوں سے گامزن ہے۔ مقالات کا انتخاب اور ترجیح اس سمت سفر کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ مجلّہ اپنے مقصد کو حاصل کرنے میں کامیاب ہو سکے۔

القلم میں شامل ہونے والے مقالات کی روز افزوں بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر سال گذشتہ سے ششماہی (Biannual) وقفوں سے شائع کیا جا رہا ہے۔ شمارہ ھٰذا سولہویں جلد کا پہلا شمارہ ہے۔ یہ سہ لسانی گلدستہ جہاں دور حاضر کی تحقیقی اور شعبہ جاتی ضروریات کی تکمیل میں پیش رفت کی ضمانت ہے وہاں امید واثق ہے کہ عام قاری کے لیے علمی رہنمائی اور معلومات رسانی میں بھی بھرپور کردار ادا کرے گا۔ اہل علم کی آراء ہمارے لیے باعثِ اصلاح و اعزاز ہوں گی۔

>ðÛ{£ Ýz - č-ĉĥŝ {ĘĤ

ڈاکٹر محمد حماد لکھوی

(مدیر)